رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین)

راولپنڈی سے حضرت علامہ استاذ العلماء سید ذاکر حسین شاہ صاحب دامت برکاتہم نے ایک ایسا تحفہ بھجوایا ہے جو روح زندگی ہے۔عبادت کے حوالہ سے ۱۶۵ صفحات پر مشتمل یہ کتاب **اقامة الحجة علی ان الاکثار فی التعبد لیس ببدعة** 'حضرت علامہ محقق اسلام ابوالحسنات عبدالحی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب کا اردو ترجمہ ہے۔شاہ صاحب پیرانہ سالی اور حصارِ ضعف و امراض کے باوجود اللہ کے فضل وکرم سے ہر ماہ کسی نہ کسی کتاب کا ترجمہ کر ڈالتے ہیں یا کوئی نہ کوئی نیا موضوع سپرد قرطاس وقلم فرماتے ہیں ۔زیر نظر کتاب میں اس موہومہ نظریہ کا مدلل وبلیغ رد ہے کہ عبادت میں کثرت محبوب ومطلوب نہیں ۔بلکہ حضرت والا نے اسے عین ثواب ثابت کیا اور قرب الٰہی کا ذریعہ بتایا ہے۔کتاب پہلے بھی شائع ہوئی تھی مگر شاید کسی حجام نسل کے ناشر کے ہتھے چڑھ گئی تھی چنانچہ اس نے اس کے ساتھ وہ کچھ کیا جو اس بے چارے کا نسلی کاروبار تھا۔اب کتاب اپنی اصل ہیئت کے ساتھ شائع ہوئی ہے ۔اور جامعۃ الزہراء اہل سنت عثمان غنی کالونی مصریال روڈ راولپنڈی سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

ایک دوسرا تحفہ ہمیں ادارہ نعمانیہ لاہور نے بھیجا ہے۔جو مختلف تحائف کا ایک گلدستہ ہے۔اس گلدستہ کے پھولوں میں رنگا رنگا پھول کلیاں ان عنوانات کے ساتھ موجود ہیں ۔سجدہ تعظیمی کا شرعی حکم (از علامہ فیض احمد اویسی) کتاب ۱۶ صفحات پر محیط ہے اور اپنے عنوان ہی سے موضوع کو ظاہر کررہی ہے۔

ہدایۃ البریۃ الی الشریعۃ الاحمدیہ' تالیف امام المتکلمین حضرت علامہ مفتی نقی علی خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ اصلاح عقائد و اعمال کے موضوع پر یہ کتاب اعلی حضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی کے والد

☆میں نے امام محمد سے بڑھ کر کوئی فصیح نہیں دیکھا (امام محمد بن ادریس شافعی)☆

گرامی کی تصنیف ہے۔ ۹۵ صفحات پر مشتمل یہ کتاب ایک علمی تحقیق ہے۔

نعمانی گلدستہ کی تیسری کتاب کا عنوان ہے۔انسانوں کی تخلیق کا بنیادی مقصد اوران کے باہمی حقوق۔ حضرت علامہ ضیاء المصطفی امجدی قادری کا یہ رسالہ ۳۵ صفحات پر مشتمل ہے۔

ایک تیسرا پھول اس گلدستہ کا عرس کی شرعی حیثیت کے نام سے معنون ہے۔ مولانا محمد اختر حسین قادری بستوی کی یہ تالیف ۶۴ صفحات پر مشتمل ہے۔

ایک اور کتابچہ اس گلدستہ میں فضائل شب برات پر ہے جو مفتی محبوب علی خاں قادری کا مرتب کردہ ہے۔ ۳۹ صفحات کے اس کتابچہ میں شب برات کے فضائل بیان ہوئے ہیں۔

اسی گلدستہ میں حضرت علامہ شاہ عبدالعلیم صدیقی رحمۃ اللہ علیہ کے بیان کردہ اسلام کے اصول بھی شامل ہیں۔ "اسلام کے اصول" نامی یہ کتابچہ ۲۳ صفحات پر مشتمل ہے۔

علاوہ ازیں انگریزی میں تین کتابچے بھی اس گلدستہ کا حصہ ہیں۔ جن کے عنوانات حسب ذیل ہیں۔

Not Fit to be Prime Minister.

Haditha Ethics, From Iraq to Iran.

Fatwa on Wearing of The Tie

ادارہ نعمانیہ نے متعدد کتب ورسائل شائع کئے ہیں اور یہ سب مفت تقسیم کئے جاتے ہیں۔ مندرجہ بالا تمام کتب ادارہ معارف نعمانیہ لاہور سے ڈاک ٹکٹ بھیج کر طلب کی جاسکتی ہیں۔

ادارہ نعمانیہ کا قیام ۱۹۸۸ میں عمل میں آیا تھا۔ اور اپنے روز قیام سے اب تک یہ جہاد بالقلم کا فریضہ ادا کر رہا ہے۔

۱۹۸۸ سے ۱۹۹۲ تک اس ادارہ نے چھیالیس مختلف موضوعات پر ایک لاکھ سے زاید کتب و رسائل شائع کئے اور نہ صرف اندرون ملک بلکہ بیرون ملک بھی مفت تقسیم کروائے۔ ۱۹۹۲ سے اب تک سینکڑوں موضوعات پر لکھا جاچکا ہے اور یہ کار خیر جاری وساری ہے۔ اللھم زد فزد وبارک۔

ایک بار پھر ان تمام احباب کا شکریہ جنہوں نے یہ تحائف ہمیں ارسال فرمائے۔

القسم العربي

مجلة الفقة الاسلامى

تصدر من

اكاديمية الفقة الاسلامى المعاصر

ص ب ١٧٧٧٧ كلشن اقبال

كراتشي باكستان

رئيس التحرير

الاستاذ الدكتور / نوراحمد شاهتاز

☆

مساعد رئيس التحرير

الاستاذ غلام نصيرالدين نصير

الاستاذ محمد صحبت خان

فهرس الموضوعات

☆☆☆

الاجهاض واحكامه

الاسناذ الدكتور / عبدالجواد خلف